# 05-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔متحدہ محبوب نگر ضلع کے دورہ کے دوران وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ پالمورو ضلع کے تمام آبپاشی پروجکٹس کو جنگی بنیادوں پر مکمل کرنا ہی ان کا مقصد ہے۔

۲۔ ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے ٹی بی سے پاک تلنگانہ کے ہدف کے حصول کیلئے سرکاری مشینری، طبی عملے، رضا کارانہ تنظیموں، کارپوریٹ اداروں اورعوام سے باہمی تعاون اورہم آہنگی کے ساتھ کام کرنے کی اپیل کی ہے۔

۳۔مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کانگریس قائد راہول گاندھی کی جانب سے بھارتی معیشت پر کئے گئے تبصروں کو غلط قرار دیا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ حکومت کے زیرِ اہتمام جاری تلنگانہ رائزنگ پروگرام کے تحت آج تھریڈ پوچم پلی ہینڈلوم ٹیکسٹائل نمائش کاافتتاح حیدرآباد کے ہائی ٹک میں کیا گیا۔

World Environment Day:

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ہر فرد کو ذمہ داری کے ساتھ ماحولیات کے تحفظ کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر ضلع محبوب آباد میں منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔۔۔

Byte: Ramchander Rao

PTC - Mahabubabad District

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ماحولیات کا تحفظ اور آنے والی نسلوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کی اپیل "ایک پیڑ ماں کے نام" کے تحت انہوں نے آج صبح نئی دہلی میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ایک پودا لگایا۔ انہوں نے کہا کہ "ایک پیڑ ماں کے نام" صرف شجرکاری مہم نہیں بلکہ فطرت کے تحفظ کے لیے ایک عظیم عوامی تحریک ہے۔

HYD - PTC

Ponnam - Environment

عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر ضلع انچارج وزیر پونم پربھاکر نے کرشنا کانت پارک، حیدرآباد میں شجرکاری مہم میں حصہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا کے 99 روزہ پروگرام کے تحت محکمہ جنگلات کی جانب سے 12 دن تک خصوصی تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ مستقبل کی نسلوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر شخص شجرکاری میں حصہ لے اور زیادہ سے زیادہ پودے لگائے۔

HYD - PTC

Fish Prasadam

حیدرآباد میں مچھلی پرساد کی تقسیم کیلئے انتظامات جاری ہیں۔ مرگا شیرا کارتی کے موقع پر بھتنی برادرس کی جانب سے مفت فراہم کئے جانے والے اس پرساد کے حصول کے لئے ملک بھر سے لاکھوں دمہ کے مریض شہر پہنچتے ہیں۔ یہ تقسیم 8 اور 9 جون کو نامپلی ایگزیبیشن گراؤنڈ میں کی جائے گی۔ اس مقصد کے لئے محکمہ سمکیات کی جانب سے پہلے ہی چھوٹی مچھلیاں تیار رکھی جا رہی ہیں جبکہ محکمہ

آبرسانی، جی ایچ ایم سی، آرٹی سی اور ٹریفک سمیت مختلف محکموں کے افسران نے رابطہ کمیٹی تشکیل دے کر انتظامات تیز کر دئے ہیں۔ حکام کے مطابق مریضوں کی حفاظت اور غیر معمولی ہجوم کو قابو میں رکھنے کے لیے نامپلی، اجنتا گیٹ اور مالا کنٹہ کے اطراف تقریباً 600 پولیس ملازمین پر مشتمل سخت سکیورٹی انتظامات کئے جارہے ہیں۔

PTC HYD

TM-US

ریاستی وزیر برائے آئی ٹی وصنعت ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ انتہائی سازگار ماحول کی وجہ سے تلنگانہ ٹکنالوجی، انجینئرنگ اور لائف سائنس کی اختراعات کا اہم مرکز بنتا جارہا ہے۔ انہوں نے گزشتہ روز حیدرآباد میں امریکی نامور ٹیلی کام کمپنی ٹی۔موبائل یو ایس گلوبل سولیوشن کے گلوبل ٹیکنالوجی سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ مختلف شعبوں میں مہارت رکھنے والی افرادی قوت کی دستیابی کے باعث متعدد کمپنیاں اپنے نئے مراکز قائم کرنے کے لئے ریاست کا رخ کررہی ہیں۔

PN׳

Environment Day

دنیا بھرآج میں عالمی یومِ ماحولیات منایا جارہا ہے۔ اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کے تحت زمین پر زندگی کے تحفظ کے بارے میں شعور پیدا کرنے کے لئے یہ دن 1973 سے ہر سال 5 جون کو منایا جاتا ہے۔ عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر تلنگانہ کے وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے فطرت اور ماحولیات کے تحفظ کے لئے کام کرنے والے تمام افراد کی کوششوں کی ستائش کی۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ایک پودا لگانا، پانی کی بچت کرنا اور آلودگی کو کم کرنا جیسے

چھوٹے اقدامات ہی آنے والی نسلوں کو محفوظ اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

Desk

## Environment Day – Districts

عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر ریاست کے تمام اضلاع میں خصوصی پروگرامس منعقد کئے گئے اور ماحولیات کے تحفظ کے بارے میں عوام میں شعور بیداری پیدا کی گئی۔ ضلع ملوگو کے اینچرلہ ایکو پارک میں محکمہ جنگلات کے زیرِ اہتمام منعقدہ تقریب میں ریاستی وزیر سیتا اکا نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

Byte: Seethakka

تقریب کے دوران ایکو پارک کی تعمیر کی وجہ سے اراضی سے محروم ہونے والے افراد میں سیتا اکا نے معاوضہ کے چیک بھی تقسیم کئے۔

PTC Mulugu Dist.

## Government Doctors' Strike

تلنگانہ گورنمنٹ ڈاکٹرس اسوسی ایشن کی جانب سے تبادلوں میں جی او نمبر 38 کے ضوابط پر عمل درآمد کے لئے مقرر کردہ مہلت پر حکومت کی جانب سے کوئی ردِ عمل ظاہر نہ کرنے کے بعد سرکاری ڈاکٹرس نے آج صبح سے اپنی خدمات کا بائیکاٹ کیا۔ جس کے نتیجہ میں عثمانیہ اور گاندھی اسپتال سمیت ریاست بھر کے سرکاری ہاسپٹلوں میں او پی ڈی خدمات مکمل طور پر متاثر ہوگئی ہیں۔ علاج کے لئے آنے والے ہزاروں مریضوں، خصوصاً بزرگ افراد، کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ڈاکٹروں نے واضح کیا ہے کہ ہڑتال کے باوجود ہنگامی اور ایمرجنسی طبی خدمات کو اس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔

PTC - HYD

Governor

ریاستی گورنر اور تلنگانہ ٹیوبرکیولوسیس اسوسی ایشن کے صدر شیو پرتاپ شکلا نے ٹی بی سے پاک تلنگانہ کے ہدف کے حصول کے لئے سرکاری مشنری، طبی عملہ، رضاکارانہ تنظیموں، کارپوریٹ اداروں اور عوام سے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے قومی ہدف کی تکمیل میں تلنگانہ کو اہم کردار ادا کرنا چاہئے۔ آج لوک بھون میں منعقدہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے جائزہ اجلاس میں گورنر نے پروگرام کے نفاذ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ریاست میں ٹی بی کے خاتمے کے لئے کیے جا رہے اقدامات، حاصل شدہ پیش رفت اور درپیش چیلنجوں کے بارے میں متعلقہ حکام سے معلومات حاصل کیں۔

Desk

Weather

محکمہ موسمیات نے آئندہ ہفتہ ریاست کے کئی اضلاع میں بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اسی طرح آج اور کل ریاست کے بعض اضلاع میں کئی مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کرتے ہوئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

PN

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے بتایا کہ حیدرآباد کے حیدرآباد کے مضافات میں واقع کوہیڈا میں فروٹ مارکٹ کی تعمیر کا کل شام پانچ بجے چیف منسٹر ریونت ریڈی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ انہوں نے چیف منسٹر کے دورہ سے متعلق انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا سے بات کی۔ ریاستی وزیر نے مارکٹ کیلئے 239 ایکڑ اراضی دینے والے کسانوں سے اظہارِ تشکر کیا ہے۔

Desk

Gutha Sukender Reddy

جاپان کے ہیروشیما ریاست سے تعلق رکھنے والے وفد نے آج تلنگانہ قانون ساز کونسل اور اسمبلی کا معائنہ کیا۔اس موقع پر کونسل کے صدرنشین گتہ سکھیندر ریڈی نے کہا کہ ریاست تلنگانہ ملک کی تیزی سے ترقی کررہی ریاست ہے۔انہوں نے بتایا کہ ریاست تلنگانہ کے دارالحکومت میں کئی ممالک کے عوام بستے ہیں اور یہاں سے وہ اپنی تجارتی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ریاست تلنگانہ کے ارکانِ اسمبلی، ارکانِ قانون ساز کونسل مسلسل عوام کے درمیان رہتے ہوئے عوامی مسائل کی یکسوئی کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

Desk

Thread Pochampally

تلنگانہ حکومت کی جانب سے منعقدہ تلنگانہ رائزنگ پروگرام کے حصہ کے طور پر آج تھریڈ پوچم پلی، ہینڈلوم نمائش کا ہائی ٹیک میں آغاز ہوا۔ریاستی وزراء ٹی ناگیشور راؤ اور کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے اس نمائش کا افتتاح کیا۔اس مہینہ کی 7 تاریخ تک یہ نمائش جاری رہے گی۔اس موقع پر تملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ پوچم پلی اِکت ہینڈلوم کے فن کی عالمی سطح پر نشاندہی اس پروگرام کا مقصد ہے۔کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ یہ پروگرام ہینڈلوم ورکرس کی بے مثال صلاحیتوں کو دنیا کے سامنے متعارف کروانے اور انہیں مارکٹ کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے مقصد سے منعقد کیا جارہا ہے۔

Desk

## Apreation Kavach

شہر حیدرآباد میں امن وضبط کی برقراری کے مقصد سے سٹی پولیس نے کل رات آپریشن کاوچ کے نام سے بڑے پیمانہ پر تلاشی مہم انجام دی۔ رات دس بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک یہ مہم چلائی گئی جس کے دوران نمبر پلیٹ سے چھیڑ چھاڑ پر  خاص توجہ مرکوز کی گئی۔ پولیس نے قواعد کی خلاف ورزی پر 2149 گاڑیوں کو ضبط کرلیا۔

Desk

## Harish's Letter

بی آر ایس قائد  ہریش راؤ نے تلنگانہ کے آبی حقوق کو شدید خطرات لاحق ہونے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اس سلسلہ میں وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک کھلا مکتوب لکھا ہے۔ ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ  کالیشورم اور دیوادولا لفٹ اریگیشن پروجیکٹس میں پمپ اور موٹرس خراب ہو چکے ہیں اور ان کی پارٹی نے اس مسئلہ کی نشاندہی پہلے ہی کردی تھی لیکن حکومت نے اس پر توجہ نہیں دی۔ انہوں نے کہا کہ دریائے کرشنا کے پانی کے استعمال میں تلنگانہ تاریخی کم ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔

Desk

## HYDRAA

عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر  ہائیڈرا نے ایک بڑے آپریشن کے ذریعہ قدرتی اور تاریخی ورثہ کے تحفظ کے لئے اہم کارروائی انجام دی۔ رنگاریڈی ضلع کے گنڈی پیٹ منڈل کے پوپال گوڑہ- خواجہ گوڑہ سرحدی علاقہ میں ہائیڈرا نے 198 ایکڑ سرکاری اراضی کا تحفظ کیا۔ اس علاقہ میں تقریباً 250 کروڑ سال قدیم تاریخی چٹانیں ہیں۔ علاوہ ازیں اس اراضی میں وہ تقریباً 200 ایکڑ زمین بھی شامل ہے جو ماضی میں ریاستی حکومت نے  ایچ ایم ڈی اے کو مختص کی تھی۔

Desk

Revanth Reddy

تلنگانہ کے وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے واضح کیا ہے کہ ضلع پالمور کے تمام آبپاشی پروجکٹس کو جنگی بنیادوں پر مکمل کرنا ہی ان کے دورہ کا بنیادی مقصد ہے۔ متحدہ محبوب نگر ضلع کے دورے کے دوران آج اودنڈا پور میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع میں اب بھی تقریباً چار ہزار ایکڑ اراضی کا حصول زیرِ التوا ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اگر تمام متعلقہ فریق تعاون کریں تو آئندہ دو برسوں میں منصوبوں کے کام مکمل کر لیے جائیں گے۔

Byte

ریونت ریڈی نے کہا کہ متحدہ محبوب نگر ضلع کی ترقی اور آبپاشی منصوبوں کی تکمیل کے معاملے میں وہ پوری طرح پُرعزم ہیں۔

PTC - Mahabubnagar

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ہندوستانی معیشت سے متعلق کانگریس قائد راہول گاندھی کی جانب سے کیے گئے بیان کی مذمت کی گئی ہے۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک معاشی سونامی کی سمت آگے بڑھ رہا ہے اور راہول گاندھی کا بیان بے بنیاد ہے اور ان کا مقصد لوگوں کو خوفزدہ کرنا ہے۔ کشن ریڈی نے واضح کیا کہ منفی عالمی حالات کے باوجود ہندوستان مستحکم ترقی ثابت کر رہا ہے جس ثبوت مضبوط غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر، ریکارڈ ایف ڈی آئی سرمایہ کاری اور افراط زر ہے۔

HYD-PTC

OO